سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی-74200

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز منگل 30 جون 2015ء بوقت صبح 10:30 بجے بمقام آواری ٹاورز ہوٹل، فاطمہ جناح روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائیگا:

کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے مطابق کمپنی کے آٹھ (8) ڈائرکٹرز کا تین سال کی مدت کے لئے، جو 30 جون 2015ء سے شروع ہوگا، جیسا کہ بورڈ نے مقرر کیا ہے، انتخاب کرنا۔ مندرجہ درج ذیل ڈائریکٹرز ریٹائر ہورہے ہیں جو دوبارہ منتخب ہونے کے مجاز ہیں:

میسرز اقبال علی لاکھانی، ذوالفقار علی لاکھانی، امین محمد لاکھانی، تسلیم الدین اے باٹلے، شاہد احمد خان، کمال شعیب اور عمران رفیق (نمائندہ NIT)۔

حسب الحکم بورڈ

(منصور احمد)

کمپنی سیکریٹری

مورخہ: 02 جون 2015ء

نوٹس:-

1۔ کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس 24 تا 30 جون 2015ء کو (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی میں 23 جون 2015ء تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس عام میں شرکت کے لئے بروقت سمجھا جائیگا۔

2۔ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں شیئرز جمع کرانے والے ممبر کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنا پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر، اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ نمبر اور اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت ضرور ساتھ لائیں۔

3۔ ایک ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ کا حقدار ہے وہ اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، گفتگو اور ووٹ کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔

4۔ پراکسی فارمز کے موثر ہونے کے لئے ان کا صحیح طور پر پُر شدہ ہونا اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوئر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی میں اجلاس عام کے وقت سے اڑتالیس گھنٹے قبل وصول ہونا ضروری ہے۔

5۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی بابت فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو اطلاع دیں۔

6۔ جن ممبران نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی فوٹو کاپی ابھی تک جمع نہیں کرائی ہے ان سے جلد از جلد ہمارے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کرنے کی گذارش کی جاتی ہے۔

7۔ پراکسی فارم ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔